سوال

معانقہ

جواب

عید کے دن معانقہ کرنے کی حکمت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ عید کے دن تسلسل سے تین بار معانقہ کرنے کی کیا حکمت ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! عید کے دن عید ملنے کے لئے معانقہ کرنا، لوگوں کی عادت ہے، لوگ یہ کام عبادت سمجھ کر نہیں کرتے، بلکہ ایک دوسرے کے احترام اور خوشی کے اظہار کے طور پر کرتے ہیں۔ لہذا اس میں اصل اباحت ہے۔ باقی رہا ایک بار یا تین بار ملنے کا معاملہ تو یہ لوگوں کی باہمی محبت پر مبنی ہوتا ہے، جو آدمی زیادہ قریب ہو، اسے ایک سے زائد بار ملنے کی کوشش کی جاتی ہے اور جو قریبی نہ ہو اس سے سرسری سا مل لیا جاتا ہے۔ شیخ صالح العثیمین کا یہی موقف ہے۔ "مجموع فتاوی ابن عثیمین"(16/208-210 ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث